Pakistan Muslim League (N) Punjab
پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب

مورخہ: 9 ستمبر 2021ء

سرکلر

محترم! ڈویژنل صدور، جنرل سیکرٹریز صاحبان

السلام علیکم!

صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے احکامات کی روشنی میں آپ کو درج ذیل ہدایات جاری کی جاری ہیں؛

1۔ **ڈویژنل تنظیم:۔**

(الف)۔ڈویژنل تنظیم میں خالی عہدوں کے لیے موجودہ ڈویژنل تنظیم سے مشاورتی اجلاس کے بعد میٹنگ کی کاروائی بمعہ شرکاء کی حاضری لف کر کے ڈویژنل صدر اور جنرل سیکرٹری اپنی دستخط شدہ سفارشات/ تجاویز صوبائی تنظیم کو ارسال کریں۔

(ب)۔صوبائی تنظیم کی منظوری کے بعد تجویز کردہ عہدیداروں کے نوٹیفکیشنز صدر، جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے دستخطوں سے جاری کیے جائیں گے۔

2۔ **ضلعی تنظیم:۔**

(الف)۔ضلعی/ کارپوریشن تنظیم میں خالی عہدوں کے لیے موجودہ ضلعی/ کارپوریشن تنظیم سے مشاورتی اجلاس کے بعد میٹنگ کی کاروائی بمعہ شرکاء کی حاضری لف کر کے ضلعی/ کارپوریشن صدر اور ضلعی/ کارپوریشن جنرل سیکرٹری اپنی دستخط شدہ سفارشات/ تجاویز ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری کو بھیجیں گے۔

(ب)۔ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری ضلعی تنظیم کی طرف سے موصول شدہ سفارشات/ تجاویز کو اپنے دستخطوں کے ساتھ صوبائی تنظیم کو ارسال کریں گے۔

(ج)۔صوبائی تنظیم کی منظوری کے بعد تجویز کردہ عہدیداروں کے نوٹیفکیشنز صدر اور جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے دستخطوں سے جاری کیے جائیں گے۔

PML-N Punjab Secretariat
180-H, Model Town, Lahore Tel: 042-35881002-3 35918304, 35918307 Fax: 042-35918301
info@pmlnpunjab.org www.pmlnpunjab.org / PMLNPunjabPk

Pakistan Muslim League (N) Punjab

پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب

3۔ **صوبائی حلقہ تنظیم سازی۔**

(الف)۔جس صوبائی حلقے کی تنظیم سازی ابھی تک نہیں ہوئی ، اس صوبائی حلقے کے لیے صدر، جنرل سیکرٹری اور سیکرٹری انفارمیشن کے عہدوں کے لیے ضلعی صدر، ضلعی جنرل سیکرٹری، اس صوبائی حلقے کے ایم پی اے/ ٹکٹ ہولڈر، ایم این اے/ ایم این ایز/ ٹکٹ ہولڈرز سے مشاورت کے بعد تجاویز/ سفارشات اپنے دستخطوں کے ساتھ ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری کو بھیجیں گے۔

(ب)۔ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری ضلعی تنظیم کی طرف سے موصول شدہ سفارشات کو اپنے دستخطوں کے ساتھ صوبائی تنظیم کو ارسال کریں گے۔

(ج)۔صوبائی تنظیم کی منظوری کے بعد تجویز کردہ عہدیداروں کے نوٹیفیکشنز صدر اور جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے دستخطوں سے جاری کیے جائیں گے۔

(د)۔صدر، جنرل سیکرٹری، سیکرٹری انفارمیشن کے علاوہ صوبائی حلقے کے دیگر عہدوں کے لیے اس صوبائی حلقے کا صدر، جنرل سیکرٹری موجودہ صوبائی حلقے کی تنظیم سے مشاورت کے بعد دستخط شدہ سفارشات/ تجاویز ضلعی صدر اور ضلعی جنرل سیکرٹری کو ارسال کریں ۔ ضلعی صدر اور ضلعی جنرل سیکرٹری اپنے دستخطوں کے ساتھ ان سفارشات/ تجاویز کو ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری کو ارسال کریں گے۔

(ر)۔ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری دیگر عہدوں کے لیے ضلعی تنظیم کی طرف سے موصول شدہ سفارشات کی پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب سے منظوری کے بعد ان عہدوں کے نوٹیفیکشنز اپنے دستخطوں کے ساتھ جاری کریں گے۔

4۔ **سٹی/میونسپل کمیٹی تنظیم سازی۔**

(الف)۔موجودہ سٹی/ میونسپل کمیٹی کی تنظیم کو برقرار رکھا جائے گا۔ اور خالی عہدوں پر اور اگر کسی جگہ پر موجودہ تنظیم میں اختلافات ہوں تو وہاں پر نیچے دیئے گئے طریقہ کار کے تحت تنظیم سازی کے عمل کو مکمل کیا جائے گا۔

(ب)۔سٹی/میونسپل کمیٹی کی تنظیم سازی کے لیے صدر، جنرل سیکرٹری اور سیکرٹری انفارمیشن کے عہدوں کے لیے ضلعی صدر، ضلعی جنرل سیکرٹری متعلقہ صوبائی حلقے کے صدر، جنرل سیکرٹری، ایم پی اے/ ٹکٹ ہولڈر، ایم این اے/ ایم این ایز/ ٹکٹ ہولڈرز سے مشاورت کے بعد اپنی دستخطوں کے ساتھ تجاویز/ سفارشات ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری کو بھیجیں گے۔

PML-N Punjab Secretariat
180-H, Model Town, Lahore Tel: 042-35881002-3 35918304, 35918307 Fax: 042-35918301
info@pmlnpunjab.org www.pmlnpunjab.org / PMLNPunjabPk

PML(N)

Pakistan Muslim League (N) Punjab

پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب

(ج)۔ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری ضلعی تنظیم کی طرف سے موصول شدہ سفارشات کو اپنے دستخطوں کے ساتھ صوبائی تنظیم کو ارسال کریں گے۔

(د)۔صوبائی تنظیم کی منظوری کے بعد تجویز کردہ عہدیداروں کے نوٹیفکیشنز صدر اور جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے دستخطوں سے جاری کیے جائیں گے۔

(ر)۔صدر، جنرل سیکرٹری، سیکرٹری انفارمیشن کے علاوہ سٹی / میونسپل کمیٹی کے دیگر عہدوں کے لیے ضلعی صدر، ضلعی جنرل سیکرٹری متعلقہ صوبائی حلقے کے صدر، جنرل سیکرٹری، ایم پی اے / ٹکٹ ہولڈر، ایم این اے / ایم این ایز / ٹکٹ ہولڈرز سے مشاورت کے بعد تجاویز / سفارشات اپنے دستخطوں کے ساتھ ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری کو بھیجیں گے۔

(ڑ)۔دیگر عہدوں کے لیے ضلعی تنظیم کی طرف سے موصول شدہ سفارشات کی پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب سے منظوری کے بعد نوٹیفکیشنز ڈویژنل صدر اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری اپنے دستخطوں سے جاری کریں گے۔

نوٹ: یہ تمام نوٹیفکیشنز صوبائی تنظیم کی طرف سے جاری کردہ صوبائی حلقوں کے نوٹیفکیشنز کی طرز پر جاری ہوں گے۔

والسلام

خدا آپ کا حامی و ناصر ہو! آمین

(سردار اویس احمد خان لغاری)

جنرل سیکرٹری، پاکستان مسلم لیگ (ن)، پنجاب

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ سیکرٹری جنرل، پاکستان مسلم لیگ (ن)

2۔ صدر، پاکستان مسلم لیگ (ن)، پنجاب